**14.03.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.........................................................................

☆ رنگوں کا تہوار ہولی، ملک بھر میں جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔

☆ حکومت نے معدنیات کی درآمدات پر انحصار کو کم کرنے کیلئے انتہائی اہم معدنیات کیلئے تلاش کی خاطر پہلے لائسنس نیلامی کا آغاز کیا ہے۔

☆ بھارت نے بلوچستان میں ریل گاڑی کے اغوا میں اُس کے ملوث ہونے کے پاکستان کے الزام کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا ہے۔

☆ چین، روس اور ایران نے ایران پر امریکی پابندیوں کو ختم کرنے اور نیوکلیائی مذاکرات دوبارہ شروع کرنے پر زور دیا ہے۔

☆ اور...... آل انگلینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں برمنگھم میں لکشیہ سین اور خواتین ڈبلز کی ترِیسا اور گائیتری کی جوڑی کے کوارٹر فائنل میں باہر ہونے سے بھارت کی مہم ختم ہوگئی ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Holi**

رنگوں کا تہوار ہولی، آج ملک بھر میں جوش و خروش، موسیقی اور عقیدتمندی کے ساتھ منایا گیا۔ ملک بھر کے رہنماؤں نے عوام کو مبارکباد پیش کی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں عوام کو اس بات کیلئے حوصلہ دیا کہ وہ تمام بھارتیوں کی زندگی میں مسلسل ترقی، خوشحالی اور خوشی دینے کا عہد کریں۔ نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے بھی عوام کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔

نئی دلّی میں BJP صدر اور مرکزی وزیر جے پی نڈا نے اپنی رہائش گاہ پر ہولی منائی جہاں پارٹی ورکروں اور دوسرے لوگوں نے اُن کے ساتھ ہولی منائی۔ دلّی BJP کے سربراہ وریندر سچدیوا بھی اس تقریب میں موجود تھے۔

اِسی دوران دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے بھی نیک خواہشات پیش کی ہیں اور زور دیا کہ ہولی رنگوں کا ایک تہوار ہی نہیں بلکہ سچائی، مضبوط تعلقات اور باہمی بھائی چارہ کی ایک تقریب ہے۔

S/B Rekha Gupta

اترپردیش میں ہولی کا جوش وخروش برج منڈل سے لیکر آیودھیا دھام تک نظر آیا۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے گورکھپور میں بھگوان نرسنگ وشو یاترا کی شروعات کی اور اتحاد اور بھائی چارے کے پیغام کا اعادہ کیا۔

بہار میں عوام، ہولی کی تقریب میں پوری طرح مصروف نظر آئے۔ مذہبی کیلنڈر میں تاریخی تفریق کی وجہ سے مگدھ، متھلا، شاہ آباد، Tirhut، کوسی اور سیمانچل سمیت کچھ علاقوں میں ہولی کل بھی منائی جائے گی۔ملک کے دوسرے حصوں کی طرح جموں میں بھی جوش وخروش کے ساتھ ہولی منائی گئی۔ شہر میں خوشی سے سرشار نوجوان بائیک پر مختلف گلیوں کا چکر لگاتے رہے اور ہولی ہے! پکارتے رہے۔ انھوں نے محبت اور عقیدت کے ساتھ ایک دوسرے کو رنگ بھی لگایا۔پراچین شری کال بھیرو مندر میں بھی ہولی منائی گئی۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عوام کو مبارکباد دی اور ہندو،مسلم اور سکھ سمیت مختلف طبقوں کے لوگوں نے ایک دوسرے کو رنگ لگایا، رقص کیا اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔راجوری اور پونچھ میں سول سوسائٹی راجوری نے ضلع انتظامیہ کے ساتھ مل کر ایک تقریب کا اہتمام کیا جس میں اہلکار اور برادری کے رہنما بھی شامل ہوئے۔

پونچھ کے سناتن دھرم سبھا نے بھی ہولی کی تقریبات منعقد کیں۔ سامبا اور کٹھوعہ کی تقریبات میں لوگوں کو رنگ لگاتے اور مٹھائیاں تقسیم کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ کٹھوعہ میں ایک خصوصی احترام کا منظر اُس وقت دیکھنے میں آیا جب مسلمانوں نے جمعہ کی نماز ادا کی اور بھائی چارے کا پیغام دیا۔

گنیش اُتسو کمیٹی نے ہولی ملن کی تقریب منعقد کی جس میں روایتی مٹکی پروگرام بھی ہوا۔ فوج، BSF اور CRPF سمیت سکیورٹی فورسز نے اگلی چوکیوں پر ایک دوسرے کو رنگ لگاکر اور گُجھیا جیسی مٹھائیاں تقسیم کرکے ہولی منائی۔اِسی دوران، پولیس اور نیم فوجی دستے، چیک پوسٹ اور بیری کیٹ پر ہائی الرٹ پر تھے تاکہ پُرامن تقریبات کو یقینی بنایا جاسکے اور خاص طور پر رمضان کے مبارک مہینے میں جمعہ کی نماز اور ہولی کی تقریبات ایک ساتھ ہوئیں۔x

## PM Gati Shakti Project

آج PM Gati Shakti کے تحت نیٹ ورک پلاننگ گروپ کی 89 ویں میٹنگ میں سڑک، ریلوے اور میٹرو کے اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا جائزہ لیا گیا۔گروپ نے 8 پروجیکٹوں کا جائزہ لیا، جن میں سڑکوں سے متعلق چار، ریلوے کے تین اور میٹرو کا ایک پروجیکٹ شامل ہے۔

اِن پروجیکٹوں میں میگھالیہ میں قومی شاہراہ نمبر 62 کے Darugiri سے Dalu سیکشن پر موجودہ سڑک کو دو لین والی شاہراہ کے طور پر تعمیر کرنے کا پروجیکٹ شامل ہے۔ ریلوے کی وزارت کا 32 کلو میٹر طویل براؤن فیلڈ پروجیکٹ ممبئی-پونے-سولا پور- Wadi-چنئی کوریڈور پر مسافروں اور مال برادری کے بوجھ کو کم کرے گا۔ راجکوٹ میٹرو پروجیکٹ، ٹرانسپورٹ سے متعلق ایک شہری گرین فیلڈ پہل ہے، جس کا مقصد گجرات کے راجکوٹ میں بھیڑ کو کم کرنا اور ٹرانسپورٹ کا ایک پائیدار ذریعہ فراہم کرنا ہے۔

کامرس اور صنعت کی وزارت نے کہا ہے کہ اِن اقدامات سے خطوں میں لاجسٹیکل کارکردگی کو فروغ دینے، سفر کے وقت کو کم کرنے اور اہم سماجی و اقتصادی فائدے فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ x

## Exploration Licences Rare Earth

کانکنی کی وزارت اور گوا سرکار نے بھارت میں کانکنی کی صنعت کو مستحکم کرنے کی ایک کوشش کے طور پر ملک کے کانکنی کے پہلے لائسنس بولی لگانے کے عمل کا آغاز کیا۔ کوئلے اور کانکنی کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی اور گوا کے وزیر اعلیٰ پرمودساوَنت نے گوا میں ایک اہم تقریب کے دوران اِس کا آغاز کیا۔ بولی لگانے کا یہ عمل کانکنی کے 13 لائسنس بلاک پر مرکوز ہے، جو زمین کے اہم عناصر، Zinc، تانبہ اور ہیرے جیسے اہم معدنیات پر مشتمل ہے۔ بولی لگانے کے صاف شفاف آن لائن عمل کا مقصد باضابطگی سے کانکنی کو بڑھانا اور معدنیات کے درآمد پر بھارت کے انحصار کو کم کرنا ہے۔x

## North East Safiron Hub

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیرمملکت جتیندر سنگھ نے آج کہا ہے کہ شمال مشرق وکست بھارت کے وژن کو پورا کرنے میں بھارت کے لئے ایک کلیدی مرکز ہے اور یہ خطہ ملک کا زعفران کا آئندہ مرکز بھی بن جائے گا۔ انہوں نے یہ بات، شیلانگ میں ٹیکنالوجی کے استعمال اور رسائی سے متعلق شمال مشرقی سینٹر NECTAR، کے نئے کیمپس کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے کہی۔ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ حکومت کے ''مشن زعفران'' پہل کی 2021 سے سکّم، اروناچل پردیش اور میگھالیہ تک توسیع کی گئی ہے۔

S/B: Dr Jitendra Singh Saffron Hub

ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ اروناچل پردیش کے Menchukha اورسکم کے Yuksom میں اِس وقت زعفران کی بڑے پیمانے پر کاشت کی جارہی ہے اور اِن منصوبوں کو ناگالینڈ اور منی پور تک توسیع دی جانی ہے۔اِس سے جموں کشمیر کے Pampore کے بعد شمال مشرقی خطہ بھارت کا آئندہ زعفران کا مرکز بن جائے گا۔ x

## Forex Reserves

بھارت کے غیرملکی زرِ مبادلہ کا ذخیرہ پندرہ اعشاریہ دو چھ بلین ڈالر تک بڑھ کر 7 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے میں 653 اعشاریہ نو چھ بلین ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ ریزروبینک آف انڈیا کی پچھلے مہینے کرنسی لین دین آپریشن کے بعد ایسا ہوا ہے۔ RBI کی طرف سے جاری ہفتہ وار Statistical سپلیمنٹ کے مطابق غیرملکی کرنسی اثاثہ، جو ذخیرے کا ایک اہم حصہ ہے، 13 اعشاریہ نو تین بلین ڈالر ہوکر 557 اعشاریہ دو آٹھ بلین تک پہنچ گیا۔ پچھلے ہفتے سونے کے ذخیرے میں ایک بلین ڈالر کا اضافہ ہوا جو مجموعی طور پر 74 اعشاریہ تین دو بلین ڈالر سے زیادہ ہے۔x

## Amit Shah Assam

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، تین روزہ دورے پر اب سے کچھ دیر پہلے آسام پہنچ گئے ہیں۔ اپنے دورے کے دوران وہ مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ مرکزی وزیر داخلہ جورہاٹ ہوائی اڈے سے گولہ گھاٹ جائیں گے اور ڈیرہ گاؤں میں Lachit Barphukan پولیس اکیڈمی میں رات میں قیام کریں گے۔ x

## Amit Shah Assam Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، کل آیزوال کا دورہ کریں گے۔ وہ آسام رائفلز کے Base کو آئیزوال شہر سے Zokhawsang شہر میں نئے سرے سے قائم کرنے کے سلسلے میں ایک تقریب میں شرکت کریں گے۔ وزیر داخلہ کے دورے کے پیش نظر آئیزوال میں اور اس کے اطراف سیکیورٹی سخت کر دی گئی ہے۔ x

## MEA PaK Train

بھارت نے پاکستان کے اِن الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے کہ بھارت، اُس کی ریل گاڑی کے اغوا میں ملوث تھا۔ پاکستان کی جانب سے رائے زنی پر میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت، پاکستان کے بے بنیاد الزامات کو سختی سے مسترد کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پوری دنیا اِس سے واقف ہے کہ عالمی دہشت گردی کا مرکز کہا ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ پاکستان کو دوسروں پر انگلی اٹھانے اور اپنے اندرونی مسائل اور ناکامیوں کا الزام دوسروں کو دینے کے بجائے اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیے۔x

## Pak Blast

پاکستان میں آج دوپہر جمعے کی نماز کے دوران خیبرپختونخواہ خطے میں مولانا عبد العزیز مسجد میں ہوئے ایک طاقتور بم دھماکے میں بچوں سمیت ایک مقامی مذہبی رہنما اور دیگر تین زخمی ہوگئے۔ پولیس نے کہا ہے کہ دیسی ساخت کا یہ بم، مسجد میں ممبر کے نیچے نصب کیا گیا تھا۔ زخمیوں کو ایک ضلع اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ x

## UP ATS Arrest

اترپردیش کے دہشت گرد مخالف دستے ATS نے فیروزآباد میں ایک آرڈیننس فیکٹری ورکر کو گرفتار کیا ہے۔ پاکستان کے ISI کو مبینہ طور پر حساس جانکاری فراہم کرنے کیلئے اُسے گرفتار کیا گیا ہے۔ اہلکاروں نے کہا ہے کہ رویندر کمار کو نیہا نامی ایک ہینڈلر کو کلاسیفائیڈ رپورٹ دینے کی پاداش میں پکڑا گیا ہے۔ بعد میں نیہا کی شناخت ایک پاکستانی انٹیلیجنس ایجنٹ کے طور پر ہوئی ہے۔ فیس بک کے ذریعے لانچ میں آکر کمار نے واٹس ایپ چیٹس، کال اور دستاویز کے ذریعے خفیہ اطلاعات شیئر کیا ہے۔ ATS نے اس کے فون سے ڈرون، کلاسیفائڈ میٹنگوں اور اسٹاک لسٹ سے متعلق حساس فائلیں برآمد کی ہیں۔ سرکاری رازداری قانون کے تحت اُس پر الزام عائد کیا گیا ہے اور اُسے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔x

## J&K Road Safety Policy

جموں و کشمیر حکومت نے جموں کشمیر میں سڑک پر تحفظ سے متعلق پالیسی 2025 کو نوٹیفائی کیا ہے، جس کا

مقصد 2030 تک حادثات اور اموات میں 50 فیصد کی کمی کرنا ہے۔ ٹرانسپورٹ محکمے کے وزیر کی زیر قیادت سڑک پر تحفظ سے متعلق ایک ریاستی کونسل، اِس کے نفاذ اور بیداری کی نگرانی کرے گی، جبکہ خطرناک سڑکوں کے حصوں کو بہتر بنایا جائے گا۔ جموں و کشمیر میں 20 لاکھ 26 ہزار سے زیادہ گاڑیاں ہیں اور یہاں 2023 میں 6 ہزار 298 حادثات اور 893 اموات درج کی گئیں۔ تقریباً 40 فیصد حادثات، جموں، اودھم پور، سانبا اور کھٹوعہ میں پیش آئے۔ عہدیداران نے میڈیا مہموں کے ذریعے سڑک پر تحفظ سے متعلق بیداری بڑھانے کا منصوبہ بنایا ہے۔x

## Drowned Ulhas River

آج دوپہر مہاراشٹر کے تھانے ضلع کے بدلاپور علاقے میں 4 کم عمر لڑکے Ulhas دریا میں ڈوب گئے۔ ایک پولیس عہدیدار کی اطلاع کے مطابق پندرہ سولہ سال کی عمر کے 10 ویں جماعت کے لڑکے ہولی منانے کے بعد دریا پر گئے تھے اور اچانک سطح آب میں اضافے کے سبب وہ ڈوب گئے۔ چاروں کی لاشیں برآمد کی جاچکی ہیں اور انہیں پوسٹ مارٹم کیلئے بدلاپور کے دیہی اسپتال بھیج دیا گیا ہے۔ اِس سلسلے میں معاملہ درج کرلیا گیا ہے اور تحقیقات جاری ہے۔ x

## Goyal US Trade

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ وہ باہمی طور پر سودمند ایک باہمی تجارتی سمجھوتے پر امریکی تجارت کے شعبے کے نمائندے Jamieson Greer کے ساتھ بات چیت کے منتظر ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گوئل نے کہا کہ سرکار کا نظریہ بھارت پہلے، وکست بھارت اور جامع کلیدی شراکت داری پر مبنی ہوگا۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات (IMD)نے آئندہ دو دنوں کے دوران چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، ودربھ گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال کے علاقے تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں کہیں کہیں گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔ اڈیشہ کے کچھ مقامات میں بھی گرمی میں شدت آنے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مشرقی بھارت کے درجۂ حرارت میں بھی بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔محکمۂ موسمیات نے آئندہ دو دنوں کے دوران جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد ہماچل پردیش میں تیز بارش اور برفباری کی پیش گوئی کی ہے جبکہ ہریانہ، مغربی اترپردیش راجستھان پنجاب اور مشرقی اترپردیش میں ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔x

## Iran US

چین، روس اور ایران نے آج ایران پر امریکی پابندیوں کو ختم کرنے اور نیوکلیائی بات چیت پھر سے شروع کرنے کی بات کہی ہے۔ انھوں نے اِنھیں پوری طرح غیرقانونی یکطرفہ پابندیاں قرار دے کر ختم کرنے کی ضرورت پر

زور دیا ہے۔ تینوں ملکوں کے نمائندوں نے بیجنگ میں ملاقات کی اور ایک مشترکہ بیان جاری کرکے زور دیا کہ آپسی احترام پر مبنی سیاسی اور سفارتی بات چیت ہی اس معاملے کو سلجھانے کا بہتر اور قابل عمل طریقہ ہے۔

چین کے نائب وزیر خارجہ Ma Zhaoxu نے روس کے نائب وزیر خارجہ Sergey Ryabkov اور ایران کے وزیر خارجہ کاظم غریبا بادی کے ساتھ بیان کو پڑھا۔ یہ بات چیت اس معاملے کو سلجھانے کیلئے آخری کوشش ہے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ذریعے بات چیت دوبارہ شروع کرنے کی کوشش کے بعد ہے۔

انھوں نے اس سلسلے میں ایران کے سپریم لیڈر کو ایک خط بھی لکھا تھا۔x

## Putin Meets Trump Envoy

روس نے آج تصدیق کی ہے کہ روس کے صدر ولادیمیر پتن نے سعودی عرب کے جدہ میں حال ہی میں ہوئے امریکہ-یوکرین امن بات چیت پر تبادلہ خیال کیلئے ماسکو میں امریکہ کے خصوصی ایلچی Steave Witkoff سے ملاقات کی ہے۔ پُتن کو یوکرین میں مجوزہ 30 روزہ جنگ بندی کی تفصیلات موصول ہوئیں، جبکہ امریکہ کیف کے ساتھ فوجی تعاون اور انٹیلیجنس کے تبادلے پھر سے شروع کرنے پر رضا مند ہوا ہے۔ کریملن کے ترجمان Dmitry Peskov نے کہا ہے کہ پُتن نے بھی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کیلئے اطلاعات اور اضافی اشارے بھیجے ہیں۔ پُتن نے ایک پُرامن حل کیلئے تعاون دینے کی بات کہی ہے لیکن زور دیا ہے کہ جنگ بندی کے شرائط نافذ العمل ہونے چاہیے۔

ٹرمپ نے پُتن کے جواب کو امید افزا قرار دیا ہے لیکن کہا ہے کہ مزید تفصیلات کی ضرورت ہے۔ بات چیت جاری ہے اور ماسکو نے اب تک باضابطہ جواب نہیں دیا ہے۔ x

## Badminton All

برمنگھم میں جاری All England Open Super 1000 Badminton ٹورنامنٹ میں بھارت کی مہم ختم ہوگئی۔ آج کوارٹر فائنل میں بھارت کے لکشیہ سین چین کے Li Shi Feng سے دس-اکیس، سولہ-اکیس سے ہار گئے۔ آج شام خواتین کے ڈبلز مقابلے میں ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی بھی کوارٹر فائنل میں Liu Shengshu اور Tan Ning کی چینی جوڑی سے چودہ-اکیس، دس-اکیس سے ہار کر مقابلے سے باہر ہوگئی۔ پی وی سندھو، ساتوک سائی راج رَنکی ریڈی اور چراغ شیٹی جیسے بڑے کھلاڑی پہلے ہی مقابلے سے باہر ہوچکے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆